تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

March 26, 2025

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جنسی ہراسانی کے الزامات کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے معاہدے پر کام کررہے فیکلٹی رکن کی ملازمت ختم کی

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے آج نیو فرینڈز کالونی پولیس اسٹیشن میں ایک خاتون کی شکایت اور ملزم کی گرفتاری کے بعد شعبہ سیاسیات کے اسسٹنٹ پروفیسر (کنٹریکچول) کی ملازمت ختم کردی۔

یونیورسٹی انتظامیہ نے متعلقہ فیکلٹی رکن کی خدمات فوری طور پر ختم کرکے کہا کہ جامعہ ملیہ اسلامیہ خواتین کے تئیں تشدد کے خلاف قطعی عدم تحمل کی پالیسی اپناتا ہے۔ یونیورسٹی انتظامیہ نے واقعہ کے سخت مذمت کی ہے اوراس سلسلے میں یہ وضاحت دی ہے کہ متعلقہ شخص جامعہ کا مستقل فیکلٹی رکن نہیں تھا اور عارضی طور بحال کیا گیا ایک کنٹریکچول ملازم تھا۔ نیز یہ بھی واضح کیا کہ جنسی ہراسانی کا یہ واقعہ جامعہ کیمپس سے باہر پیش آیا تھا اور یہ بالکل انفرادی اور نجی قسم کا معاملہ تھا۔اسی لیے جامعہ کو مبینہ واقعہ سے کچھ لینا دینا نہیں ہے کیوں کہ یہ جامعہ کیمپس میں پیش نہیں آیا ہے۔اس کے باوجود یونیورسٹی انتظامیہ نے اس سنگین جرم کی شدید مذمت کرتے ہوئے متعلقہ فیکلٹی رکن کی ملازمت ختم کردی ہے اور کہا کہ خواتین کی عصمت، آبرو اور حقوق پر کسی طرح کا کوئی حملہ جامعہ برداشت نہیں کرے گی اور یونیورسٹی کو یقین ہے کہ اس معاملے میں بھی انصاف ہوگا اور قانون اپنا کام کرے گا۔

یہ بھی کہا کہ پی او ایس ایچ ایکٹ یعنی دی سیکسول ہراسمنٹ آف وومین (پریوینشن ، پروہیبیشن اینڈ ریڈریسل) ایکٹ دوہزار تیرہ کے تحت جامعہ ملیہ اسلامیہ نے ایک اندرونی شکایت کمیٹی (آئی سی سی) تشکیل دی ہے، مزید برآں اس کمیٹی سے متعلق خاطر خواہ اطلاعات ومعلومات کی ترویج کی گئی ہے جس کا مقصد اس تک تمام متعلقین کی رسائی کو آسان بنانا ہے۔ ایکٹ میں شامل جملہ اخلاقی رہنما اصولوں پر مکمل صورت میں جامعہ عمل پیرا ہے۔

اس کے علاوہ جنسی حساسیت بخشی سے متعلق جامعہ کی مختلف فیکلٹیز اس کے مختلف شعبہ جات اور مراکز گاہے بہ گاہے باقاعدہ ورکشاپ اور خطبات کا بھی اہتمام کرتے ہیں تاکہ خواتین کے خلاف کسی بھی طرح کی زیادتی اور پوش ایکٹ میں دیگر متعلقہ شقوں کے حوالے سے طلبہ اور دیگر متعلقین کو حساس بنایا جاسکے۔ خواتین کی عزت وآبرو کے تحفظ کے لیے جامعہ پابند عہد ہے اور جامعہ اپنے فیکلٹی اراکین، اسٹاف اور طلبہ کی خاطر محفوظ ماحول کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کرے گی۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی